**07.10.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. ماجد علی

**Music**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے نئی دِلی میں مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معزو سے بات چیت کی ہے۔

☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے بائیں بازو کی انتہاپسندی سے متاثرہ ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ کے ساتھ ایک اہم جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔ انہوں نے کہا کہ نکسلزم ترقی کی راہ میں ایک بڑی رکاوٹ ہے۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے سرکاری عہدے پر فائز رہتے ہوئے آج 23 برس مکمل کرلئے ہیں۔ گجرات حکومت اِس موقع پر آج سے وکاس سپتاہ منائے گی۔

☆ آر جے ڈی کے سربراہ لالو پرساد یادو اور اُن کے بیٹوں تیجسوی اور تیج پرتاپ یادو کو زمین کے بدلے نوکری سے متعلق گھپلے میں ضمانت مل گئی ہے۔

☆ ISSF جونیئر عالمی نشانے بازی چیمپئن شپ میں بھارت مجموعی طور پر سونے کے 13 تمغوں کے ساتھ سرفہرست رہا۔

☆ اور خواتین ٹی ٹوینٹی عالمی کپ کرکٹ میں آج شام شارجہ میں انگلینڈ کا مقابلہ جنوبی افریقہ سے ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے............

**PM Maldives Prez**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج نئی دِلی میں حیدرآباد ہاؤس میں مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معزو سے بات چیت کی ہے۔ میٹنگ کے دوران دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

اِس سے قبل آج صبح مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معزو کو راشٹرپتی بھون میں باضابطہ استقبالیہ دیا گیا۔ صدرجمہوریہ دروپدی مرمو، وزیراعظم نریندر مودی اور وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے مالدیپ کے صدر اور اُن کی اہلیہ ساجدہ محمد کا استقبال کیا۔ بعد میں ڈاکٹر معزو کو گارڈ آف آنر دیا گیا۔ ڈاکٹر معزو بعد میں راج گھاٹ گئے اور مہاتما گاندھی کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ مالدیپ کے صدر ڈاکٹر معزو صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی دعوت پر بھارت کے پانچ روزہ دورے پر ہیں۔

**PM Maldives Talks**

وزیرِاعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت نے ہمیشہ مالدیپ کیلئے سب سے پہلے ہمسایہ کا رول ادا کیا ہے۔ مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معزو کے ساتھ وفد سطح کی بات چیت کے بعد وزیرِاعظم مودی نے ایک مشترکہ بیان میں اِس بات کو اُجاگر کیا کہ بھارت نے ہمیشہ ایک پڑوسی کی حیثیت سے اپنی ذمے داری نبھائی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ چاہے یہ مالدیپ کے لوگوں کیلئے ضروری اشیاء کی ضرورت کو پورا کرنا ہو، قدرتی آفات کے دوران پینے کے پانی کی دستیابی ہو، یا کووڈ کے وقت ملک کو ویکسین فراہم کرنا ہو۔ اُنہوں نے کہا کہ بھارت اور مالدیپ کے درمیان تعلقات صدیوں پرانے ہیں اور بھارت مالدیپ کا قریبی ہمسایہ اور دوست ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ مالدیپ ہماری پڑوس مقدم پالیسی اور **SAGAR** وژن میں ایک اہم مقام رکھتا ہے۔ وزیرِاعظم مودی نے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معزو کے ساتھ مالدیپ میں **Hanimaadhoo** بین الاقوامی ہوائی اڈّے کے رَن وے کا ورچوئل وسیلے سے افتتاح بھی کیا۔ مالدیپ میں **RuPay** کارڈ کو بھی متعارف کرایا گیا ہے اور جناب مودی اور ڈاکٹر معزو نے اِس کے تحت پہلے لین دین کو دیکھا۔ دونوں ملکوں کے درمیان مختلف مفاہمت ناموں پر بھی دستخط کئے گئے ہیں، جن میں بدعنوانی سے نمٹنے، عدلیہ اور نوجوانوں اور کھیلوں کے شعبے شامل ہیں۔

**Amit shah LWE Meeting**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج کہا ہے کہ حکومت کے مرکز اور ریاست کے درمیان بہتر تال میل کی بدولت ملک سے نکسلی مسئلے کا مکمل طور پر خاتمہ ہوگیا ہے۔ جناب شاہ نے آج نئی دِلی میں بائیں بازو کی انتہا پسندی سے متاثرہ ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ کے ساتھ ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔ اُنہوں نے کہا کہ نکسلزم ترقی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے اور اِس سے کسی کو فائدہ نہیں پہنچے گا۔ جناب شاہ نے نکسلیوں سے وابستہ سبھی نوجوانوں سے ہتھیار چھوڑ کر اصل دھارے میں شامل ہونے کی اپیل کی۔

**PM Pubic Life**

جناب نریندر مودی کے سرکاری عہدے پر رہتے ہوئے آج **23** سال پورے ہوگئے ہیں۔ **2001** میں آج ہی کے دن جناب مودی نے پہلی بار گجرات کے وزیرِاعلیٰ کا عہدہ سنبھالا تھا۔ گجرات کے وزیر اعلیٰ کے طور پر جناب نریندر مودی کے اقدامات سے تحریک لیتے ہوئے مرکز میں **NDA** حکومت نے کئی فلاحی پروگرام شروع کیے۔ اکثر ''گجرات ماڈل'' کے نام سے مقبول ہے۔ یہ اقدامات پانی کی بچت، شجر کاری مہم، آئین کا جشن منانے، روایتی مصنوعات کا فروغ اور کھیل کود کی ثقافت کی حوصلہ افزائی سے متعلق ہیں۔ جناب مودی نے حکمرانی میں جن بھاگیداری یا عوام کی شراکت پر زور دیا۔

**Shah Modi**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے وزیرِاعظم نریندر مودی کے عوامی زندگی کے **23** برس مکمل ہونے پر یہ کہتے ہوئے مبارکباد دی ہے کہ اُن کا طویل سفر اُن لوگوں کیلئے ایک روشن مثال ہے، جو عوام کیلئے جیتے ہیں۔ جناب مودی نے پہلے وزیرِاعلیٰ کی حیثیت سے اور بعد میں بطور وزیرِاعظم آج اپنی عوامی زندگی کے **23** برس مکمل کرلئے ہیں۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ وزیر اعظم مودی کا عوامی خدمات کا یہ طویل سفر اِس بات کی بہترین مثال ہے کہ کیسے ایک شخص اپنی پوری زندگی قومی مفادات اور عوامی فلاح وبہبود کیلئے وقف کرسکتا ہے۔ جناب شاہ نے کہا کہ جناب مودی نے اِس بات کو ثابت کیا ہے کہ ایک ہی وقت میں غریبوں کی بہبود، ملک کی ترقی، سلامتی اور عالمی سطح پر بھارت کی شناخت کو مضبوط کرنے کیلئے کام کیا جاسکتا ہے۔ جناب شاہ نے کہا کہ جناب مودی نے سبھی مسائل کے حل کا ایک مجموعی نظریہ پیش کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ یہ اُن کیلئے خوش قسمتی کی بات ہے کہ وہ جناب مودی کے اِس طویل عوامی خدمات سے متعلق سفر کو دیکھ پارہے ہیں۔

**Gujarat Vikas Saptah**

گجرات حکومت آج سے وِکاس سپتاہ منائے گی۔ اس کا اہتمام جناب نریندر مودی کے **2001** میں آج ہی کے دن وزیرِاعلیٰ کی حیثیت سے عہدہ سنبھالنے کے بعد سے ریاست کے ترقی کے سفر کو منانے کیلئے کیا جارہا ہے۔ کابینہ وزیر **Rushikesh Patel** نے میڈیا کو بتایا کہ ہفتہ کے دوران کئی پروگرام منعقد کیے جائیں گے جن میں اہم مقامات پر وِکاس واک شامل ہیں۔ اس دوران ریاست میں تین ہزار **500** کروڑ روپے کا ترقیاتی کام بھی شروع کیا جائے گا۔ نریندر مودی حکمرانی سے متعلق اپنے تجربات کو مشترک کرکے لوگ **#vikas Saptah** کے ذریعے اس جشن میں شامل ہو سکتے ہیں۔

**J&K Counting**

جموں وکشمیر کی **90** رکنی قانون ساز اسمبلی کے تحت **873** امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کُل ہو جائے گا۔ مرکز کے زیرانتظام علاقے میں **20** مراکز پر سخت سیکورٹی کے درمیان کُل ووٹوں کی گنتی ہوگی۔ سبھی ضلع ہیڈکوارٹر میں، جہاں ووٹوں کی گنتی کے مراکز قائم کئے گئے ہیں، وہاں سبھی ضروری انتظامات کرلئے گئے ہیں۔ اِن مراکز پر تین سطحی سیکورٹی انتظامات کئے گئے ہیں۔ پہلی سطح پر مرکزی مسلح پولیس فورس، دوسری سطح پر ریاستی مسلح پولیس اور تیسری سطح پر ضلع پولیس کے اہلکار تعینات کئے گئے ہیں۔ اسٹرانگ روم اور ووٹوں کی گنتی کے ہال کے سیکورٹی انتظامات کی نگرانی ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس سطح کے افسران کریں گے۔

حال ہی میں ایک دہائی کے بعد ہوئے اسمبلی انتخابات میں بڑی تعداد میں ووٹروں کی جانب سے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کرنے اور جمہوریت کے جشن میں اُن کی شمولیت کے پیشِ نظر بڑی تعداد میں ووٹنگ درج کی گئی۔ **18** ستمبر سے پہلی اکتوبر تک تین مراحل میں ہوئے اسمبلی انتخابات میں **63** اعشاریہ چار-پانچ فیصد ووٹ ڈالے گئے، جو **2014** کے اسمبلی انتخابات کے **65** اعشاریہ پانچ-دو فیصد سے کچھ کم ہے۔

**Counting J&K+ Haryana**

ہریانہ میں کُل اسمبلی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی کے ساتھ ایک ہزار 31 امیدواروں کی سیاسی قسمت کا فیصلہ ہوجائے گا۔ یہاں سبھی 90 اسمبلی حلقوں کیلئے ووٹوں کی گنتی کیلئے 90 مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ چیف انتخابی افسر پنکج اگروال نے کہا ہے کہ یہ مراکز سبھی 22 اضلاع کے ضلع ہیڈکوارٹر میں قائم کئے گئے ہیں۔

**PM Navratri**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج نوراتری کے پانچویں دن ماں Skandamata کی پوجا کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر وزیراعظم نے امید ظاہر کی کہ سب پر ماتا Sukhdayini-Mokshadayini کا آشیرواد ہو۔ وزیراعظم نے سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر ایک گربا گیت بھی شیئر کیا۔

**Lalu Yadav Bail**

آج دِلی کی ایک عدالت نے زمین کے بدلے نوکری سے متعلق کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں RJD کے سربراہ اور ریلوے کے سابق وزیر لالو پرساد یادو کو اُن کے بیٹوں تیجسوی یادو اور تیج پرتاپ یادو سمیت ضمانت دے دی۔ عدالت نے سبھی ملزمان کو یہ کہتے ہوئے ضمانت دی ہے کہ اُنہیں گرفتار کئے بغیر اُن کے خلاف فردِ جرم داخل کی گئی۔ ایک ایک لاکھ روپے کے ذاتی مچلکے پر یہ ضمانت دی گئی ہے اور اگلی سماعت 25 اکتوبر کو ہوگی۔ عدالت نے سبھی ملزمان کو اپنے پاسپورٹ جمع کرانے کی بھی ہدایت دی ہے۔ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کی فردجرم کا جائزہ لینے کے بعد عدالت نے 18 ستمبر کو لالو یادو اور دیگر کو سمن جاری کیا تھا۔
اِس کیس کا تعلق مدھیہ پردیش کے جبل پور میں ریلوے کے مغربی وسطی زون میں گروپ D کی تقرریوں سے ہے، جب لالو پرساد یادو 2004 سے 2009 تک ریلوے کے وزیر تھے۔ ای ڈی کے مطابق نوکریوں کے عوض لالو پرساد یادو کے کنبے یا اُن کے معاونین کو زمین، بطور تحفہ دی گئی یا منتقل کی گئی تھی۔

**Five Deaths Airshow**

تمل ناڈو کے وزیر صحت ایم سبرامنین نے کہا ہے کہ کل کے ایئرشو کو دیکھنے آئے پانچ افراد کی موت اسپتال پہنچنے سے پہلے ہوچکی تھی۔ آج چنئی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اُن کی موت گرم موسم کی وجہ سے ہوئی تھی۔ وزیر موصوف نے ائیرشو میں کیے گئے انتظامات کے بارے میں میڈیا کو بتایا اور کہا کہ طبی ٹیمیں کسی بھی ایمرجنسی کو سنبھالنے کے لیے پوری طرح تیار تھیں۔ انہوں نے بتایا کہ چالیس ایمبولینس کسی بھی ایمرجنسی کیلئے تیار کھڑی تھی اور پیرامیڈیکل گروپس بھی وہاں موجود تھے اور کسی بھی واقعے کو سنبھالنے کے لیے تیار تھے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ یہ موتیں نہیں ہونی چاہئے تھیں۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ فضائیہ نے لوگوں سے اپیل کی تھی کہ وہ اپنے ساتھ چھتریاں، کیپس اور زیادہ مقدار میں پانی لے کر آئیں۔

**MoS Dr Murugan**

اطلاعات ونشریات اور پارلیمانی امور کے مرکزی وزیرمملکت ڈاکٹر ایل مرگن نے کل کے ائیرشو میں بدانتظامی کے لیے DMK حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ Tirunelveli میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے وزیر موصوف نے ریاستی حکومت پر ائیرشو میں بدانتظامی کے لیے، فضائیہ کے ساتھ ٹھیک طرح تال میل نہ کرنے کا الزام لگایا۔ انہوں نے ریاست میں منشیات میں اضافے کے لیے بھی DMK حکومت کو مورد الزام ٹھہرایا۔

**IISF Junior World**

بھارت کے کھلاڑی دیپک دلال، کمل جیت اور راج چندرا نے پیرو کے لیما میں جونیئر ورلڈ شوٹنگ چمپئن شپ کے آخری دن مردوں کے پچاس میٹر پسٹل ٹیم مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا۔ بھارتی ٹیم نے آزبائیجان کی ٹیم کو محض ایک پوائنٹ سے ہرایا اور اُس نے ایک ہزار 616 پوائنٹس حاصل کیے۔

کُل ملا کر بھارت کے جونیئر نشانے باز کھلاڑیوں نے اِس چمپئن شپ میں 24 تمغے حاصل کرکے پہلا مقام حاصل کیا۔ اِن تمغوں میں 13 سونے کے، 3 چاندی اور 8 کانسے کے تمغے شامل ہیں۔ اٹلی دوسرے مقام پر جبکہ ناروے تیسرے مقام پر رہا۔ اگلی مرتبہ نشانے بازی کے مقابلے نئی دلی میں ہوں گے۔ رائفل، پسٹل اور شاٹ گن میں باوقار ISSF عالمی کپ فائنل 13 سے 18 اکتوبر کے درمیان منعقد کیا جائے گا۔

**Cricket Women's T20 WC**

خواتین کے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ عالمی کپ میں آج شام انگلینڈ کا مقابلہ جنوبی افریقہ سے ہوگا۔گروپ بی کا یہ میچ شارجہ میں بھارتی وقت کے مطابق ساڑھے سات بجے کھیلا جائے گا۔کل بھارت نے دبئی میں پاکستان سے 6 وکٹ سے جیت حاصل کرکے سیمی فائنل کے لیے اپنی امیدیں برقرار رکھی ہیں۔ بھارت کو 106 رن کا نشانہ ملا تھا، جسے اس نے سات گیند پہلے ہی حاصل کر لیا تھا۔ ارون دھتی ریڈی کو تین وکٹ لینے پر میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا تھا۔ بھارت کا بدھ کو سری لنکا سے مقابلہ ہوگا۔ جبکہ اتوار کو وہ موجودہ چمپئن آسٹریلیا کے خلاف کھیلے گا۔

**Mens Cricket**

مردوں کی کرکٹ میں، بھارت نے کل رات گوالیار میں تین میچوں کی سیریز کے پہلے ٹی ٹوئنٹی میچ میں، بنگلہ دیش کو سات وکٹ سے ہرا دیا۔ بھارت کو جیت کے لیے 128 رن کا نشانہ ملا تھا، جسے اُس نے 11 اوورس اور پانچ گیندوں میں حاصل کرلیا۔ سنجوسیمسن اور سوریہ کمار یادو ہرایک نے 29 رن بنائے جبکہ ہاردک پانڈیا 16 گیندوں میں 39 رن بناکر ناٹ آؤٹ رہے۔

☆☆☆